© rasailojaraid.com

# الدکتور مصطفیٰ القضاۃ مندوب انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن سعودی عرب کا

# جامعہ اُثریہ للبنات جہلم کا دورہ

سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان لازوال برادرانہ تعلقات ہیں اور جامعہ اُثریہ للبنات جہلم ان کے درمیان پُل کا کردار ادا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن سعودی عرب کے مندوب الدکتور مصطفیٰ القضاۃ نے جامعہ اُثریہ للبنات میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل جادہ چوک جہلم پہنچنے پر ان کا پُرتپاک اور والہانہ استقبال کیا گیا۔ ان کے ہمراہ انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن اسلام آباد کے مندوب جناب عزیز احمد تھے۔ معزز مہمانوں کو جادہ چوک سے براستہ اولڈ جی ٹی روڈ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے جلوس میں ''پاک سعودیہ دوستی زندہ باد'' کے نعروں کی گونج میں جامعہ اُثریہ للبنات لایا گیا۔ جہاں مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، جامعہ کے اساتذہ، ڈاکٹر عاطف جواد، عامر سلیم علوی، عبدالباسط چوہدری اور شیخ اظہر وغیرہ نے گرمجوشی سے ان کا استقبال کیا۔ الدکتور مصطفیٰ القضاۃ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں ارض حرمین شریفین سے خادم حرمین شریفین شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد شہزادہ سلمان بن عبدالعزیز، نائب ثانی شہزادہ مقرن بن عبدالعزیز کے علاوہ سعودی حکومت، ائمہ حرمین اور دیگر شیوخ وعوام کی طرف سے آپ کو نیک تمناؤں کا پیغام پہنچانے آیا ہوں۔ معزز مہمان نے مزید کہا کہ انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن سعودی عرب کے سیکرٹری جنرل الشیخ احسان بن صالح طیب نے اپنے خصوصی پیغام میں اہل جہلم کا گزشتہ دنوں شاندار اور والہانہ استقبال پر شکریہ ادا کیا ہے اور پُرخلوص دعاؤں اور سلام کا تحفہ بھیجا ہے۔ جامعہ اُثریہ للبنات کی تعلیمی اور بڑھتی ہوئی دیگر سرگرمیوں سے آج مجھے دلی مسرت اور خوشی ہوئی کہ آج کے یہ بچے اور بچیاں آئندہ دس بیس سال تک ملک کے بہت بڑے عالم، ڈاکٹر، افسر اور مدرس بن کر قوم کے سامنے آئیں گے۔ معزز مہمان نے پاکستان و افغانستان میں انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر الشیخ عبدہ محمد ابراہیم عتین حفظہ اللہ کی دینی جامعات کیلئے خدمات کو سراہا اور جامعہ کے بانیان الشیخ محمد بن عبداللہ السبیلؒ اور حافظ عبدالغفورؒ وعلامہ محمد مدنیؒ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جامعہ اُثریہ للبنات کے پلاٹ پر ایک عظیم الشان عمارت اہل جہلم کیلئے عظیم تحفہ اور پاک سعودی دوستی کی زندہ مثال ہو گی۔ الدکتور مصطفیٰ القضاۃ نے گرمجوش استقبال پر اہالیان جہلم کا شکریہ ادا کیا۔ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے اپنے مختصر خطاب میں معزز مہمان کا تہہ دل سے جہلم آمد پر شکریہ ادا کیا اور نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور نے انہیں سپاسنامہ پیش کیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ فاضل مدینہ یونیورسٹی نے سرانجام دیئے۔



© rasailojaraid.com